علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ :

1- اگرآپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یاآپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے توآپ سرٹیفیکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھارلی گئی یاچوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری '' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کااوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر2	06-07-2026	مشق نمبر1	06-07-2026
مشق نمبر3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر4	20-08-2026	مشق نمبر2	20-08-2026
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے			

کورس: اردو (URD-101) سمسٹر: بہار، 2026

سطح: میٹرک

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100　　　　کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1: نصاب کے مطابق، آپ ﷺ کی زندگی کس مقدس کتاب کی عملی تفسیر ہے؟ نیز آپ ﷺ نے کن اوصاف میں امت کے لیے کامل نمونہ پیش کیا؟ جواب تحریر کریں۔ (20)

سوال 2: قومی وحدت اور قربانی کے حوالے سے یومِ آزادی کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال 3: صحت مند طرزِ زندگی اپنانے کے لیے صفائی کی کیا اہمیت ہے؟ نیز حفظانِ صحت کے اصولوں کے تناظر میں ورزش اور مناسب لباس کی افادیت پر ایک جامع مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال 4: مکالمہ نویسی کے ذریعے طلبہ کو گفتگو کے کون سے آداب سکھائے جاتے ہیں؟ مکالمہ کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 5: مندرجہ ذیل اقتباس کی سیاق و سباق کے ساتھ تشریح کریں۔ مضمون اور مصنف کا نام بھی لکھیں۔ (20)

”مسلمان حکمرانوں نے کبھی ہندوستان کی غیر مسلم آبادی کے ساتھ اچھا سلوک کیا، انہوں نے غیر مسلموں پر اعتماد کیا اور اپنی حکومتوں میں انہیں اچھے اچھے منصب دیے لیکن ان تمام باتوں کے باوجود ہندوؤں اور مسلمانوں میں ایک کشمکش جاری رہی۔ اس کشمکش کو دور کرنے کے لیے مغل بادشاہ اکبر کے زمانے میں دینِ الٰہی جیسا دین بھی ایجاد کیا گیا اور اشاعتِ اسلام کو روکنے کے لیے بھگتی تحریک جیسی تحریک بھی چلی اس طرح کی کوششوں اور تحریکوں سے خطرہ تھا کہ مسلمان اپنی جداگانہ حیثیت نہ کھو بیٹھیں۔ اس لیے سترہویں صدی میں حضرت مجدد الف ثانیؒ نے ان تحریکوں کے خلاف جہاد کیا۔ وہ مسلمانوں کو ایک الگ قوم دیکھنا چاہتے تھے۔“

امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100　　　　کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1: مکالمہ کی وضاحت کریں اور یہ بھی واضح کریں کہ مکالمہ اور مکالمہ نویسی میں بنیادی فرق کیا ہے؟ (20)

سوال 2: ایک مؤثر اور دلچسپ مکالمہ کن اوصاف کا حامل ہوتا ہے؟ دو افراد کے درمیان ملکی مسائل کے موضوع پر مکالمہ بھی تحریر کریں۔ (20)

سوال 3: دعوت نامے اور خط کے درمیان فرق بیان کریں، نیز اپنے اسکول میں منعقد ہونے والی قائدِ اعظم کی تقریب کے لیے ایک بامقصد دعوت نامہ تحریر کریں۔ (20)

سوال 4: مضمون نویسی کے ذریعے طلبہ میں خیالات کو منظم کرنے کی مہارت کیسے پیدا کی جاتی ہے؟ ”وقت کی پابندی“ کے موضوع پر مضمون لکھیں۔ (20)

سوال 5: محاورے سے کیا مراد ہے؟ محاورات کے استعمال سے اردو زبان میں کیا ادبی حسن اور روانی پیدا ہوتی ہے؟ تفصیل سے جواب لکھیں۔ (20)